# 02-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست تلنگانہ کا یوم تاسیس آج ریاست بھر میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت نے تلنگانہ کو 2047ء تک تین ٹریلین ڈالرس کی معیشت بنانے کیلئے ایک ویژن دستاویز تیار کیا ہے۔

۳۔تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما ایک بھارت شریشٹ بھارت کی تعمیر کیلئے مجموعی عہد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

اور

۴۔ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت تلنگانہ اراضی کے انتظامی نظام میں اصلاحات لا رہی ہے تا کہ اسے عوام کیلئے آسان بنایا جاسکے۔

FORMATION DAY

ریاست تلنگانہ کا یوم تاسیس آج ریاست بھر میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ریاستی گورنر جشنو دیو ورما، چیف منسٹر ریونت ریڈی اور تمام سیاسی جماعتوں کے اعلیٰ قائدین نے تقاریب کی قیادت کی۔ پریڈ گراونڈ پر منعقدہ اصل سرکاری تقریب میں چیف منسٹر نے قومی پرچم لہرایا۔اس موقع پر جاپان کے شہر کیٹا کیوشو کے میئر کازوہیسا ٹیکوچی نے مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف منسٹر نے اپنی تقریر میں کہا کہ حکومت نے تلنگانہ کو 2047ء تک تین ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لئے تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے نام سے ایک ویژن دستاویز تیار کی ہے۔ چیف منسٹر کی قیادت میں ریاست نے تلنگانہ کیلئے جان کی قربانی دینے والے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔چیف منسٹر نے کہا کہ ان کے برسر اقتدار آنے کے بعد سے حکومت نے تین لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے متعلق معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت فیوچر سٹی 30 ہزار ایکر کے علاقہ پر قائم کیا جائے گا۔ریجنل رنگ روڈ کی تعمیر کیلئے بھی کوششیں جاری ہیں۔آر آر آر کو او آر آر سے جوڑنے کیلئے ریڈئیل روڈس کی تعمیر کا بھی منصوبہ ہے۔کسانوں کی مدد جاری رکھنے کے عہد کا اعادہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دو لاکھ روپے تک کے زرعی قرضے معاف کئے گئے ہیں اور اراضی تنازعات کی یکسوئی کے لئے بھو بھارتی ایکٹ 2025ء لایا گیا ہے۔ چیف منسٹر نے ادب کیلئے کثیر لسانی شاعر نلی میلا بھاسکر کو کالوجی ایوارڈ پیش کیا۔انہوں

نے تلنگانہ کی جدوجہد میں اہم رول ادا کرنے والے 9 ممتاز شعرأ اور فنکاروں کو ایک ایک کروڑ روپے کے نقد انعامات پیش کیئے۔ ان میں سے بعض کو بعد ازمرگ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ 19 پولیس عہدیداروں کو بہادری کیلئے اور 11 کو نمایاں خدمات کیلئے میڈلس پیش کیئے گئے۔

2 SOUND BYTE

PREZ, VP, PM:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کے عوام کو ریاست کے یوم تاسیس پر مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشیل میڈیا پر اپنے پوسٹ میں صدر جمہوریہ میں کہا کہ تلنگانہ کا ثقافتی ورثہ مالا مال ہے اور یہ ریاست معیشت اور تکنالوجی کے شعبوں میں بھی نمایاں مقام رکھتی ہے۔ نائب صدر جگدیپ دھنکر نے کہا کہ تلنگانہ اپنی صلاحیتوں اور علیحدہ ثقافتی پہچان کیلئے جانی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس ریاست میں مختلف شعبوں میں قابل لحاظ ترقی کی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ تلنگانہ قومی ترقی میں اپنے اہم رول کیلئے جانی جاتی ہے۔

SRIDHAR BABU

آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے نوجوان عوامی حکمرانی کے حقیقی معمار ہیں۔ کریم نگر میں ریاست کی یوم تاسیس تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پہلے سال میں 60 ہزار سرکاری ملازمتیں فراہم کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 3 لاکھ کروڑ روپے کی صنعتی سرمایہ کاری کے ذریعہ خانگی شعبہ میں ملازمتوں کے ایک لاکھ مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کیلئے سیول سرویس امتحانات کی تیاری کرنے والے طلبہ کو راجیو ابھیا ہستم کے تحت مالی امداد فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی شعبہ میں انقلابی اصلاحات لائی جارہی ہیں۔ اینٹی گریٹیڈ ینگ انڈیا ماڈل اسکولس 25 ایکر کے علاقہ پر قائم کیئے جارہے ہیں۔ انہوں نے ویژن دستاویز ایک روڈ میاپ ہے جو تلنگانہ کے مستقبل کو نئی سمت دے گا۔

SOUND BYTE

KISHAN REDDY

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ گزشتہ 10 سال کے دوران تلنگانہ کے عوام کی امنگیں پوری نہیں ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست تلنگانہ جس وقت وجود میں آئی اس کا بجٹ فاضل تھا لیکن آج ریاست پر 10 لاکھ کروڑ روپے کے قرضوں کا بوجھ ہے۔ کشن ریڈی آج تلنگانہ کے یوم تاسیس کے موقع پر حیدرآباد میں بی جے پی کے ریاستی دفتر میں قومی پرچم کشائی انجام دینے کے بعد تقریر کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے بعد آبپاشی پروجیکٹس کے نام پر اس کے فنڈس لوٹے گئے۔سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کے خاندان کو ملازمتیں ملیں لیکن نوجوانوں کو ملازمتیں حاصل نہیں ہوئی۔

GOVERNOR

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے آج ریاست کی یوم تاسیس کے موقع پر راج بھون میں قومی پرچم لہرایا۔اس موقع پر انہوں نے دنیا بھر میں بسنے والے تلنگانہ کے عوام کو مبارکباد دی۔مختلف شعبوں میں ریاست کی ترقی کی ستائش کرتے ہوئے گورنر نے ایک بھارت شریشٹ بھارت کی تعمیر کیلئے مشترکہ عہد کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ میٹرو ریل کی توسیع ،اکسپریس ویز ،ریجنل رنگ روڈ ،اے آئی سٹی اور دیگر انقلابی انفرااسٹرکچر پراجکٹ کے ساتھ تلنگانہ آج ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ ہائی کورٹ میں بھی یوم تاسیس منائی گئی۔حکمراں کانگریس، بی جے پی، بی آر ایس اور تلنگانہ جاگروتی کے دفاتر میں یوم تاسیس تقاریب کا انعقاد عمل میں آیا۔

BRS - DAY

بی آر ایس نے تلنگانہ کی یوم تاسیس کی تقاریب کا بڑے پیمانے پر اہتمام کیا۔حیدرآباد میں پارٹی کے صدر دفتر تلنگانہ بھون پر پارٹی کے سینئر قائدین ،ایم ایل ایز ،ایم ایل سیز اور کارکن کثیر تعداد میں جمع ہوئے۔ کونسل میں اپوزیشن کے لیڈر مدھوسدن چاری اور سابق وزیر و سینئر ایم ایل اے ہریش راؤ نے قومی پرچم اور بی آر ایس کا پرچم لہرایا۔انہوں نے تلنگانہ تلی، پروفیسر جئے شنکر اور تلنگانہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔

BANDI

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج تلنگانہ کے یوم تاسیس کے موقع پر کریم نگر میں اپنے دفتر پر قومی پرچم لہرایا۔انہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی تصویر پر پھول چڑھائے۔اس سے قبل بی جے پی لیڈر نے اپنے پیغام میں کہا کہ ریاست تلنگانہ 4 کروڑ عوام کی امنگوں اوران کی 60 سالہ جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ شہدا کی جدوجہد اور سشما سوراج جیسی عظیم شخصیتوں کے اہم رول سے ریاست تلنگانہ حقیقت بن گئی ہے۔

COVID - UPDATE

ملک بھر میں کووڈ 19 کے 3960 فعال کیسس درج کئے گئے ہیں۔ وزارتِ صحت و خاندانی بہبود نے بتایا کہ کیرالا میں سب سے زیادہ ایک ہزار 435 کیسس درج کئے گئے۔ مہاراشٹرا میں 506اور دہلی میں 483 کیسس درج کئے گئے۔

PONGULETI

ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت تلنگانہ اراضی کے انتظامی نظام میں اصلاحات لارہی ہے تاکہ اسے عوام کیلئے آسان بنایا جاسکے۔ ریونیو اجلاس پر منعقدہ ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت نے اپنے ذاتی مفادات کیلئے ریونیو سسٹم کا غلط استعمال کیا جس کی وجہ سے کسان قانونی تنازعات میں پھنس گئے۔

Mahbubnagar

محبوب نگر ضلع ہیڈ کوارٹرس پر تلنگانہ کی یوم تاسیس تقاریب جوش وخروش کے ساتھ منعقد کی گئیں۔اس پروگرام میں اکسائز کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ، محبوب نگر ضلع کے ارکانِ اسمبلی اور دیگر عوامی نمائندوں نے شرکت کی۔کرشنا راؤ نے تلنگانہ کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کے نتیجہ میں ریاستِ تلنگانہ وجود میں آئی ہے۔

Sound Byte

جو پلی کرشنا راؤ نے کلکٹریٹ کے احاطہ میں قومی پرچم لہرایا۔ انہوں نے ریاست کے لئے جانوں کی قربانی دینے والے شہدا کے ارکانِ خاندان کو تہنیت پیش کی۔